علمی مضامین سلسلہ نمبر۳۱

حجۃ الوداع یعنی رُخصتی حج ۱۰/ذوالحجہ

﴿ حضرت مولانا سیّد محمد میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ ﴾

۱۰ ہجری ذیقعدہ کا مہینہ آیا عرب میں حج کا اعلان کرا دیا گیا ! سب طرف سے لوگ آنے لگے ! حضور ﷺ کی مبارک سواری ۲۶/ ذیقعدہ کو مدینہ طیبہ روانہ ہوئی شمعِ رسالت کے گردا گرد ہزاروں پروانوں کا ہجوم ہے ! باقی پروانے آتے جاتے ہیں اور راستہ میں ملتے جاتے ہیں ! !

ایمان اور اسلام کے شاہ سواروں کا نورانی قافلہ ہے جس کے سر پر سارے آقاؤں کے مشفق آقا کی رحمت کا چتر ہے[۱] وہ اپنی خوش قسمتی پر اِٹھلاتا ہوا[۲] چل رہا ہے ! !

ذی الحجہ ۱۰ھ کی چوتھی تاریخ ہے رحمت کا لشکر بلدِ حرام میں داخل ہو رہا ہے ! مکہ کی زمین قدموں کی برکت لے رہی ہے ! اللہ کا گھر استقبال میں کھڑا ہے کم وبیش ایک لاکھ صحابہ کا مجمع ہے ! !

قواعدِ حج کے موافق ۹/ ذی الحجہ کو مقامِ عرفات پر یہ سب حضرات پہنچتے ہیں ، گویا نور کا میلہ لگتا ہے ! نورانی بزرگوں کا بادشاہ اپنی اونٹنی پر بیٹھا ایک تقریر فرماتا ہے ! اس کا ایک ایک فقرہ دنیا کے لیے ترقی اور ہدایت کا سبق ہے ! ! چند جملوں کا ترجمہ یہ ہے :

" اللّٰہُ اکبر ، اللّٰہُ اکبر ، اللّٰہُ اکبر واحد کے سوا کوئی معبود نہیں ! اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اپنے بندہ کو کامیاب کیا ! تن تنہا تمام ٹولیوں کو پسپا کر دیا ! وہی تعریف کا مستحق ہے ہم اُسی کی تعریف کرتے ہیں اُسی سے مدد چاہتے ہیں اُسی سے مغفرت مانگتے ہیں اور گواہی دیتے ہیں کہ اس اکیلے معبود کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اُس کا بندہ اور پیغمبر ہے ﷺ

---

[۱] بڑی چھتری [۲] ناز کرتا ہوا

لوگو ! میں تمہیں خوفِ خدا کی وصیت کرتا ہوں دیکھو صرف چار چیزیں ہیں :

(۱) خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ (۲) کسی کی ناحق جان نہ لو

(۳) زِنا نہ کرو (۴) چوری نہ کرو ! ! !

اے لوگو ! میرے بعد کوئی نبی نہیں ! اور تمہارے بعد کوئی نئی اُمت نہیں ! ! ! کیا تم سنتے نہیں ؟ لوگو سنو ! اپنے پروردگار کی عبادت کرو، پانچوں نمازیں پڑھو ! رمضان کے روزے رکھو ! زکوۃ ادا کرو ! اسلامی حاکموں [1] کی فرمانبرداری کرو ! اور اپنے رب کی جنت میں خوش خوش داخل ہوجاؤ ! ! !

لوگو میری سنو ! سنو ! شاید تم اس کے بعد مجھے نہ دیکھوگے ! اے لوگو ! اپنی عورتوں پر تمہارا حق ہے اور اُن کا تم پر ! تمہارا حق عورتوں پر یہ ہے کہ وہ تمہاری آبرو کی حفاظت کریں کوئی بدکاری عمل میں نہ لائیں ! عورتوں کا حق تم پر یہ ہے کہ خوش دلی سے کھانا کپڑا دو ! عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر کچھ خرچ نہ کرے ! !

دیکھو ! عورتوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو ! وہ خدا کی بندیاں ہیں ! خدا نے تم کو ان پر بڑائی دی ہے ! عورتوں کے معاملہ میں خوفِ خدا سے کام لو ! ! !

اے لوگو سنو ! ''جہاد فی سبیل اللہ'' میں ایک شام یا ایک صبح چلنا بھی دنیا اور دنیا کی سب دولتوں سے بڑھ کر ہے ! ! !

اے لوگو میری سنو ! اور زندگی پاؤ ! !

خبردار ظلم نہ کرنا ! خبردار ظلم نہ کرنا ! خبردار ظلم نہ کرنا ! کسی شخص کا بھی مال بغیر اُس کی رضامندی کے لینا روا نہیں !

مسلمانو ! خبردار ! خبردار ! میرے بعد گمراہ اور کافر مت ہوجانا ! !

---

[1] خلیفہ، صدر، وزیر اعظم یا اِن کے مقرر کردہ حکام

کہ آپس میں گردنیں مارتے پھرو ! میری سنو ! اور خوب سمجھو ! یاد رکھو

ہر مسلمان ہر مسلمان کا بھائی ہے اور سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ! !

دیکھو آپس میں ظلم مت کرو ! کسی کی آبرو مت گراؤ !

میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جاتا ہوں جن کے ہوتے ہوئے تم کبھی گمراہ نہ ہوگے

بشرطیکہ انہیں مضبوطی سے پکڑے رہو ! ! وہ کیا ہیں ؟ ؟

اللہ کی کتاب ! ! اور اُس کے نبی کی سنت ! !

اے لوگو ! بتاؤ میں نے تمہیں خدا کے احکام پہنچا دیے ؟ جب تم سے میری بابت

سوال ہوگا تو کیا کہو گے ؟

سب نے جواب دیا : ہم لوگ گواہی دیں گے آپ نے پیغام پوری طرح پہنچا دیا !

امانت داری کردی ! نصیحت میں کوتاہی نہیں کی ! ! !

اس پر آپ نے فرمایا : خدایا گواہ رہ ! خدایا گواہ رہ ! خدایا گواہ رہ ! ! !

پھر صحابہ؄ کو مخاطب کرکے فرمایا :

دیکھو ! جو یہاں موجود ہیں وہ سب باتیں دوسروں تک پہنچا دیں '' ! ! !

اس موقع پر خدا کی طرف سے دین کے مکمل ہونے کی تصدیق بھی نازل ہوگئی ! ! !

یعنی خدا کا فرمان نازل ہوا جس کا مطلب یہ ہے :

'' آج تمہارا دین مکمل ہوگیا ! تم پر خدا کی نعمت پوری ہوگئی ! تمہارے دین سے

خدائے تعالیٰ راضی ہوگیا '' [1]

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ

(بحوالہ ہفت روزہ خدام الدین ۲۳؍جنوری ۱۹۷۰ء)

---

[1] سُورۃ المائدۃ : ۳